## رہنما خطوط برائے صحتیاتی خدمات اورجز 504 سہولیات
## نیویارک شہر پبلک اسکولز کے طلبا کے لیے
## تعلیمی سال2026-2025

NYC Department of Education

**تمام والدین اور طبی نگہداشت پیشہ وروں کے لیے:**

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) اور اسکول کا دفتر صحت (OSH) خاص صحتیاتی ضروریات کے حامل طلبا کو صحتیاتی خدمات فراہم کرنے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ اگر آپکے بچے کو صحتیاتی خدمات یا کسی IEP یا 1973 کے بحالی ایکٹ کے سیکشن 504 کے تحت طبی سہولیات درکار ہیں، اس پیکٹ میں قابلِ اطلاق فارم ( فارمز) مکمل کریں۔ OSH کو تجدید شدہ دوائی دینے اور / یا تشخیص کردہ علاج فارمز ہر تعلیمی سال **مطلوب** ہوتے ہیں۔

**یہ فارمز صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران کے مکمل کرنے کے لیے دستیاب ہیں اگر آپکے بچے کو درکار ہو۔ براہِ مہربانی یقینی بنائیں کہ تمام فارم پر دستخط ہوں جہاں گزارش کی گئی ہے:**

1. **ادویات کے انتظامی فارمز (MAFs)** - اس فارم کو آپ کے بچے کا صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کے ذریعے مکمل کیا جانا چاہیئے تاکہ (آپ کا بچہ) اسکول میں ادویات یا علاج موصول کرے۔
   - **ادویات دینے کے پانچ علیحدہ MAFs ہوتے ہیں: دمہ؛ الرجیز؛ ذیابیطس؛ دورے اور عام۔**
   - برائے مہربانی مکمل شدہ فارمز اسکول نرس / اسکول میں قائم کردہ صحت کے مرکز میں جمع کروائیں۔
2. **طبی تجویز کردہ علاج (غیر دوائی) فارم** – اس فارم کو آپ کے بچے کا صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ اسکول میں انجام دیے جانے والے ٹیوب فیڈنگ کیتھرائزیشن، سکشننگ، وغیرہ جیسے خاص طریقئہ کار کی گزارش کرنے کے لیے مکمل کرے گا۔ یہ فارم تمام باصلاحیت نرسنگ علاج کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
   - برائے مہربانی مکمل شدہ فارمز اسکول کو نرس / اسکول میں قائم کردہ صحت کے مرکز میں جمع کروائیں۔
3. **سیکشن 504 اور / یا طبی سہولت (سہولیات) کے لیے درخواست – نئی یا ترمیم شدہ** صحتیاتی خدمات (بمعہ MAF یا طبی تجویز کردہ طبی علاج فارم) یا سہولیات جیسے الیویٹر کا استعمال، جانچنے کی سہولیات، اور معاون پیشہ وران کی خدمات کے لیے ان فارمز کو مکمل کریں۔
   - ان فارمز کو متعلقہ خدمات موصول کرنے کے لیے استعمال **نہ** کریں جیسے ذہنی/جسمانی ورزش سے علاج، جسمانی ورزش سے علاج، گفتار اور لسانی علاج، یا صلاح کاری۔
   - تین فارمز ہیں جن کو مکمل کرنا لازمی ہے:
     - 504 سہولیات کے لیے والدین کی درخواست (IEPs کے حامل طلبا کے لئے مطلوب نہیں ہے)؛
     - HIPAA کے مطابق صحت سے متعلقہ معلومات کو افشا کرنے کا اجازت نامہ؛ اور
     - **طبی سہولیات درخواست فارم (MARF)** جو کو بچے کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کی جانب سے مکمل کیا جانا چاہیئے۔ اس فارم کو سہولیات کی درخواست کرنے والے **تمام** طلباء کو مکمل کرنا چاہیے۔
   - برائے مہربانی مکمل کردہ فارمز اپنے اسکول کے 504 رابطہ کار یا IEP ٹیم کے پاس جمع کروا دیں، جیسا مناسب ہو۔

**والدین:**

- براہِ مہربانی اپنے بچے کے صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران سے وہ فارمز مکمل کروائیں جو آپکے بچے کے لیے درکار ہیں (جیسے MAF اور / یا طبی طور پر تجویز کردہ علاج کے فارم)۔
- MAFs اور علاج کے فارمز کو سالانہ مکمل کیے جانا لازمی ہے **اور آپکے اسکول کی نرس / اسکول میں قائم صحت کے مرکز کو نئے تعلیمی سال کے لیے 1 جون، 2025 تک جمع کروانا لازمی ہے۔ اس تاریخ کے بعد موصول کردہ فارمز کارروائی میں تاخیر کا باعث بن سکتے ہیں۔**
- IEPs کے حامل طلبا کے لئے:
   - طبی سہولیات کی درخواست کا فارم مکمل کیے جانا لازمی ہے جب خدمات میں کوئی تبدیلی درکار ہو۔
   - **وہ فارمز جنکا IEP ٹیم کے ذریعے جائزہ لیے جانا درکار ہے وہ آپکے بچے کے IEP اجلاس سے کم از کم ایک ماہ قبل جمع کروانے لازمی ہیں۔**
- اسٹاک ادویات (Albuterol, Flovent, اور Epinephrine) OSH عملے کے لیے صرف اسکول میں استعمال کے لیے ہیں، اور ایک مکمل کردہ MAF پھر بھی درکار ہے۔ آپ کے لیے لازمی ہے کہ آپ اسکول کے تفریحی دوروں کے ایام اور / یا اسکول کے کفالت کردہ اسکول بعد پروگرام کے لیے ایپینیفرین، دمہ کے انہیلر، اور خود سے لینے والی دیگر منظور کردہ ادویات کو اپنے بچے کے ساتھ بھیجیں۔
- **اپنے بچے کو ان خدمات کے لیے اجازت دینے کے لیے، برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ کوئی بھی MAFs اور علاج کے لیے فارمز کی پشت پر دستخط کریں۔**
- **MAF کے بالائی بائیں کونے پر ایک چھوٹی اور جدید تصویر لگائیں۔**

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم اپنے بچے کے اسکول نرس، IEP ٹیم (اگر قابلِ اطلاق ہو) اور / یا اسکول کے 504 رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

**صحتیاتی نگہداشت پیشہ وران: براہِ مہربانی صفحے کی پشت پر دیکھیں۔ / Health Care Practitioners: please see back of page.**

# GUIDELINES FOR HEALTH SERVICES AND SECTION 504 ACCOMMODATIONS FOR STUDENTS IN NEW YORK CITY PUBLIC SCHOOLS

SCHOOL YEAR 2025-2026

**Health Care Practitioner Instructions for Completion of the Medical Accommodations Request Form**

Please follow these guidelines when completing the forms:

- Your patient may be treated by several health care practitioners. The health care practitioner completing the form should be the one treating the condition for which services are requested.
- This form must be completed by the student's licensed health care practitioner (MD, DO, NP, PA) who has treated the student and can provide clinical information concerning the medical diagnoses outlined as the basis for this request. Forms cannot be completed by the parent/guardian. Forms cannot be completed by a resident.

All requests for accommodations are based on medical necessity. Please ensure that your answers are complete and accurate. **All requests for medical accommodations will be reviewed by the Office of School Health (OSH) clinical staff, who will contact you if additional clarification is needed.**

- There is a school nurse present in most DOE schools. Requests for 1:1 nursing will be reviewed on a case- by-case basis.
- Please clearly type or print all information on this form. **Illegible, incomplete, unsigned or undated forms cannot be processed and will be returned to the student's parent or guardian.**

- Provide the full name and current diagnoses of clinical relevance for the student.
- Describe the impact of the diagnoses/symptoms, medical issues, and/or behavioral issues that may affect the student during school hours or transport, including limitations and/or interventions required.
- Include any documentation and test results for any specialty services or referrals relevant to the accommodations requested.
- **Only request services that are needed during school hours or other school-sponsored programs and activities**. Do not request medicine that can be given at home, before or after school hours.
- If a student requires medications or procedures to be performed, please complete and submit all relevant Medication Administration Forms (MAFs) and/or a Request for Medically Prescribed Treatment. The orders should be specific and clearly written. This allows the school nurse to carry it out in a clinically responsible way.
- Requests for alternative medicines will be reviewed on a case-by-case basis.
- Clearly print your name and include the valid New York State, New Jersey, or Connecticut license and NPI number.
- On the Medical Accommodations Request Form:
    - Please list the days and times that are best to contact you to provide further clarification of the request.
    - Please sign the attestation documenting that the information provided is accurate.
- Stock Epinephrine may be stored in the medical room, or in a common area for Pre-K. The student's prescribed Epinephrine would be transported with the student as indicated.

Student Skill Level: Students should be as self-sufficient as possible in school. Health Care Practitioners must determine whether the child is nurse-dependent, should be supervised, or is independent to take medicine or perform procedures.

- **Nurse-Dependent:** nurse must administer. Medicine is typically stored in a locked cabinet in the medical room.
- **Supervised:** self-administers, under adult supervision. The student should be able to identify their medicine, know the correct dose and when to take it, understand the purpose of their medicine, and be able to describe what will happen if it is not taken.
- **Independent:** can self-carry/self-administer. For students who are independent, please initial the attestation that the student is able to self-administer at school and during other school-sponsored programs and activities, including school trips. **Students are never allowed to carry controlled substances.**
- ***If no skill level is selected, OSH clinical staff will designate the student as nurse-dependent by default, until further advised by the student's health care practitioner.***

Thank you for your cooperation.